سوال

(44) حاملہ اور مرضعہ کو روزے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر حاملہ عورت روزہ نہ رکھ سکے تو وہ فدیہ دے یا قضائی کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حاملہ اگر بعد وضع حمل بچہ کو دودھ پلانے کے دنوں میں روزہ رکھ سکے تو بہتر ہے کہ روزہ رکھے ۔ ورنہ فدیہ دے دے ۔ حدیث میں ہے ، خدا تعالیٰ نے مرضعہ اور حاملہ سے روزہ اٹھا لیا ہے ۔ مشکوۃ ۔

(عبداللہ امرتسری روپڑی) (فتاویٰ اہل حدیث روپڑی جلد ۲ ص ۵۵۴ ۔ ۲۹ ذی قعدہ ۱۳۵۵ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 112